**آپ locator.ice.gov پر آن لائن امیگریشن اینڈ کسٹم انفورسمنٹ (Immigration and Customs Enforcement, ICE)لوکیٹر میں تلاش کر کے تصدیق کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔**

لوکیٹر استعمال کرنے کے لیے، آپ کو اپنے دوست یا خاندانی فرد کی درج ذیل معلومات درکار ہوں گی:

- پیدائش کا ملک اور "A نمبر" **یا**
- پیدائش کا ملک، پہلا نام، آخری نام اور تاریخ پیدائش۔ (براہ کرم نوٹ کریں: نام کے ہجے لازمی درست ہونے چاہیں۔)

**مفید مشورہ:** "A نمبر" 8 یا 9 ہندسوں پر مشتمل ایک شناختی نمبر ہے جو زیادہ تر امیگریشن دستاویزات میں موجود ہوتا ہے۔ یہ حرف A کے ساتھ آتا ہے۔ یہ کسی کے رِسٹ بینڈ میں بھی ہوتا ہے جب اسے حراست میں لیا جائے۔ مثال کے طور پر: A 000-000-000

اگر آپ کے پاس ان کا A نمبر موجود نہ ہو، تو جب ان سے آپ کا رابطہ ہو، تو اپنے دوست یا فیملی ممبر سے اس کا نمبر پوچھ لیں۔

اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔



NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

# 1-800-354-0365

## پیر تا جمعہ، صبح 9 تا شام 6 بجے تک

**آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی دستیاب ہے۔**

ترک وطن کے بارے میں مفت اور رازدارانہ قانونی مدد کے لیے
نیویارک کے تارکین وطن میئر کے دفتر برائے امورِ تارکین وطن
(Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA) کی ترک
وطن سے متعلق قانونی معاونت کی ہاٹ لائن ( MOIA
(Immigration Legal Support hotline پر کال کر سکتے ہیں۔

# 311

## "Immigration" بولیں

**ترجمانی دستیاب ہے**

ترک وطن کا قانون پیچیدہ ہے۔
ترک وطن سے متعلق قانونی دھوکہ بازیوں یا فراڈ
کرنے والوں سے ہوشیار رہیں جو جھوٹے وعدے کر
سکتے ہیں۔

**یاد رکھیں:** ایسا پبلک نوٹری جو لائسنس یافتہ اٹارنی نہ ہو، وہ آپ کی
طرف سے ترک وطن کا فارم نہیں بھر سکتا یا فائل نہیں کر سکتا۔ انہیں آپ
کو قانونی مشورہ بھی نہیں دینا چاہیے۔

اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات ی گئی ہیں۔
یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کےد لیے اٹارنی سے
رابطہ کریں۔

میرے دوست یا خاندان کے فرد کو ICE/امیگریشن نے حراست میں لے لیا تھا۔ میں انہیں کیسے تلاش کروں؟



اگر ICE/امیگریشن آپ کے دوست یا فیملی ممبر کو نیو یارک سٹی یا اس کے آس پاس سے حراست میں لیتی ہے، تو ان پر Manhattan میں ICE کے دفتر میں کارروائی کی جائے گی۔ اس پر عام طو پر ایک دن لگے گا۔ اس کے بعد، انہیں ایک حراستی مرکز میں منتقل کر دیا جائے گا۔ عام طور پر، حراستی مرکز نیویارک یا نیو جرسی میں ہو گا۔ بعض اوقات لوگوں کو دوسری ریاستوں میں کسی امیگریشن حراستی مرکز میں بھی رکھا جا سکتا ہے۔ حراستی مراکز کسی جیل یا وفاقی عمارت میں بھی ہو سکتے ہیں۔

1. قید
2. ICE دفتر میں کاروائی
3. ICE حراستی مرکز میں منتقلی



اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

کیا اپنے دوست یا خاندان کے
فرد سے ملاقات کرنا محفوظ
ہے؟ میں ان سے کیسے
ملاقات کر سکتا/سکتی ہوں
اور رقم کیسے بھیج
سکتا/سکتی ہوں؟

**جو لوگ غیر دستاویزی ہوں، وہ اپنے دوست یا خاندان کے فرد سے مل سکتے ہیں۔ عام طور پر، ملاقات کے لیے آنے والوں کی تارک وطن کی حیثیت کے بارے میں تارک وطن کے اداروں کو نہیں بتایا جائے گا۔**

**نوٹ:** اگر آپ فکر مند ہیں کہ آپ کے اپنے کیس یا تارک وطن کی حیثیت کا کوئی مسئلہ آپ کو ملاقات پر جانے سے خطرے میں ڈال سکتا ہے، *تو آپ کو کسی وکیل سے مشورہ کرنا چاہیے*۔

## ملاقات کے لیے جانے سے پہلے:

**ہر حراستی مرکز کی شرائط کا جائزہ لیں** کہ ان کا شناخت کا طریقہ کار کیا ہے اور آیا وہ پس منظر کی جانچ مانگتے ہیں۔

**ان کی معلومات تلاش کرنے کے لیے** ملاحظہ کریں:
www.ice.gov/detention-facilities
معلومات کی تصدیق کے لیے آپ کو حراستی مرکز کو کال کرنی پڑ سکتی ہے۔

**آپ کا نام اپنے دوست یا خاندان کے فرد کے ملاقاتیوں میں موجود ہونا چاہیے** اور آپ مرکز کی جانب سے متعین کردہ دنوں اور اوقات میں ہی ملاقات کر سکیں گے۔

میرا دوست یا خاندان کا فرد ایک وکیل کیسے حاصل کر سکتا ہے؟



امریکی حکومت ملک بدری کا سامنا کرنے والے تارکین وطن کے لیے وکیل فراہم نہیں کرتی۔

**آپ کے دوست یا فیملی ممبر کو نیویارک امیگرنٹ فیملی یونٹی پروجیکٹ (New York Immigrant Family Unity Project, NYIFUP) کے تحت ایک اٹارنی دیا جا سکتا ہے۔**

نیویارک امیگرنٹ فیملی یونٹی پروجیکٹ (New York Immigrant Family Unity Project, NYIFUP) ایک سٹی پروگرام ہے جو **ICE/امیگریشن کے زیر حراست نیو یارک کے ایسے باشندوں کے لیے مفت اور اعلیٰ معیار کے وکیل فراہم کرتا ہے جن کا امیگریشن کورٹ میں مقدمہ چل رہا ہو۔**

**اس پروگرام کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اگلے صفحے پر جائیں۔**

اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

NYIFUP اہل افراد کو ایک مفت اٹارنی تفویض کرے گا۔ اہل ہونے کے لیے فرد کا **حراست میں ہونا لازمی ہے اور وہ درج ذیل شرائط پر بھی لازمی پورا اترتا ہو:**

ملک بدری کا مقدمہ .Varick St Immigration Court میں ہو۔ اگر مقدمہ نیو جرسی کی عدالت میں ہو، تو اس شخص کا نیویارک شہر کا رہائشی ہونا ضروری ہے؛

زیر حراست شخص کے پاس کوئی وکیل نہ ہو؛

اس کیس کی امیگریشن عدالت میں یہ پہلی سماعت ہو؛ اور

گھرانے کی آمدنی غربت کے وفاقی رہنما خطوط کے 200 فیصد سے کم ہو۔

اٹارنی کی تفویض پہلی ماسٹر کیلنڈر سماعت کے فوراً بعد ہو سکتی ہے۔

# کچھ لوگوں کو اس پروگرام کے ذریعے وکیل نہیں مل سکتا۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ پروگرام ان لوگوں کو اٹارنی فراہم کرتا ہے جن کے امیگریشن کورٹ میں امیگریشن جج کے سامنے امیگریشن کے کیس زیر التواء ہوتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کی نمائندگی نہیں کر سکتے جن کو پہلے ہی نکل جانے کا حکم مل گیا ہو یا جن کا کوئی زیر التوا کیس نہ ہو۔

# 1-800-354-0365

**پیر تا جمعہ، صبح 9 تا شام 6 بجے تک**

**آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی دستیاب ہے۔**

اگر آپ کا دوست یا خاندان کا فرد NYIFUP کے لیے اہل نہیں ہے، تو آپ معلومات اور قانونی مدد کے لیے **MOIA کی تارکین وطن کی قانونی امداد کی ہاٹ لائن** پر کال کر سکتے ہیں۔


اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

# اگر آپ کے دوست یا خاندان کے فرد نے پہلے امیگریشن سے رابطہ کیا تھا اور اسے ملک بدر کرنے کا حکم دیا گیا تھا یا اسے نیویارک یا نیو جرسی سے باہر منتقل کیا جا رہا ہو، تو فوری طور پر کسی وکیل سے رابطہ کریں۔

اگر ان میں سے کچھ بھی ہوا ہے، تو یہ ممکن ہے کہ آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو فوری ملک بدری کا سامنا ہو اور اسے فوری امیگریشن قانونی مدد کی ضرورت ہو۔ امیگریشن کی کسی بھی ایسی سابقہ کارروائی سے متعلق تمام دستاویزات کو حاصل کرنا ضروری ہے جس کا انہوں نے سامنا کیا ہو۔

## ہم کیسے جانیں گے کہ عدالت کی پہلی تاریخ کب ہو گی؟



# 1-800-898-7180

**آپ امیگریشن کورٹ انفارمیشن لائن پر کال کر کے معلوم کر سکتے ہیں کہ عدالت کی تاریخ کب اور کہاں ہو گی۔**

یہ معلومات کا ایک خودکار نظام ہے۔ کال کا جواب کوئی شخص نہیں دے گا۔ یہ نظام صرف انگریزی اور ہسپانوی میں ہی معلومات دے گا۔

**انگریزی کے لیے 1 دبائیں**
**ہسپانوی کے لیے 2 دبائیں**

**A نمبر درج کریں یا بولیں۔**
**خودکار نظام A نمبر دوہرائے گا؛**
**تصدیق کے لیے 1 دبائیں**

**خودکار نظام آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کے نام کے ہجے کرے گا**

**تصدیق کے لیے 1 دبائیں**

**عدالت کی اگلی سماعت کی تاریخ کے لیے 1 دبائیں**

## نوٹ: اگر وہ سسٹم میں ظاہر ہوتے ہیں، لیکن عدالت کی تاریخ دستیاب نہیں ہے

## پرانے فیصلوں کے لیے 3 دبائیں۔

اگر یہ کہتا ہے کہ عدالت نے "نکل جانے کا حکم دیا ہے" تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو نئی سماعت نہیں ملے گی۔

آپ اس ویب سائٹ کا استعمال کرتے ہوئے اور انگریزی اور ہسپانوی میں، A نمبر ٹائپ کر کے عدالت کی معلومات آن لائن بھی دیکھ سکتے ہیں۔

https://acis.eoir.justice.gov/en/

اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

## انہیں کب تک حراست میں رکھا جائے گا؟



**اس سوال کا جواب دینا مشکل ہے اور اس کا انحصار ہر کیس کی نوعیت پر ہے۔ آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو اس وقت تک حراست میں رکھا جائے گا جب تک کہ ان کا مقدمہ ختم نہیں ہو جاتا یا جب تک جج انہیں بانڈ نہیں دے دیتا۔**



ہر کسی کو بانڈ کا موقع فراہم نہیں کیا جائے گا۔ بانڈ کی سماعت میں، امیگریشن جج فیصلہ کرتا ہے کہ آیا اس شخص کو امیگریشن حراست سے رہا کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ (یا کوئی قابل اعتماد شخص جسے وہ جانتا ہے) بانڈ ادا کر سکتا ہو۔



ایک امیگریشن بانڈ امریکی حکومت کے لیے ایک ادائیگی ہے جس کے بدلے میں زیر حراست شخص کو رہا کیا جا سکتا ہے اور اس کی رہائی کی شرائط کو پورا کرنے کا وعدہ کیا جائے گا، جس میں اس کے زیر التواء امیگریشن کیس کے حوالے سے جج کی شرائط شامل ہو سکتی ہیں۔

ان کی حراست کو چیلنج کرنے کے دوسرے طریقے بھی ہو سکتے ہیں، یہاں تک کہ اگر حکومت کو یقین بھی ہو کہ آپ کا دوست یا خاندان کا فرد بانڈ کی سماعت کے لیے اہل نہیں ہے۔ اس کے لیے تجربہ کار وکیل کی مدد سے ان کے کیس کا بغور جائزہ لینے کی ضرورت ہو گی۔

# بانڈ میں معاونت

اگر بانڈ دیا گیا ہو اور آپ اسے برداشت نہ کر سکتے ہوں، تو آپ ایسے غیر منافع بخش اداروں کے ذریعے بھی بانڈ پوسٹ کرنے (جزوی طور پر یا مکمل طور پر) کے لیے اہل ہو سکتے ہیں، جو تارکین وطن اور ان کے دوست یا خاندان کے فرد کو بانڈز کی ادائیگی میں مدد دیتے ہیں۔ کچھ وسائل میں شامل ہیں:

## The Envision Freedom Fund

یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا وہ بانڈ حوالہ جات قبول کرتے ہیں، ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
https://envisionfreedom.org/get-support/#reach-out

## The Black Immigrants Bail Fund

انہیں اس پتے پر ای میل کریں:
blackimmigrantbailfund@gmail.com

ان کی ویب سائٹ پر ان کا درخواست فارم مکمل کریں: انہیں اس پتے پر ای میل کریں: blackimmigrantbailfund@gmail.com

## The LGBTQ Freedom Fund

انہیں اس پتے پر ای میل کریں: info@lgbtqfund.org،

ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: https://www.lgbtqfund.org/

کال کریں: 786-233-8969

اس ڈائریکٹری میں ملک بھر میں امیگریشن بانڈ کی دیگر امدادی تنظیموں کو دیکھیں

**QR کوڈ اسکین کریں**

# مجھے اب اور کیا کرنا چاہیے؟




1

**سب سے پہلے، اگر آپ یا کوئی اور فرد امیگریشن گرفتاری کا براہ راست گواہ تھا، تو اسے وہ سب کچھ لکھ لینا چاہیے جو آپ کے دوست یا خاندان کے فرد کو گرفتار اور حراست میں لینے کے وقت ہوا تھا۔ اتنی تفصیل کے ساتھ لکھیں جتنی وہ یاد رکھ سکیں اور موقع کے یا فوٹو گرافی ثبوت بھی اکٹھے کریں۔**

2

**دوسرا یہ کہ گرفتاری یا کام کی جگہ پر چھاپے کی اطلاع دیں! امیگرنٹ ڈیفنس پروجیکٹ کی ہیلپ لائن (Immigrant Defense Project's Helpline) سے 212-725-6422 پر رابطہ کریں۔**



اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

**نوٹس:**

**www.nyc.gov/immigrants**